© rasailojaraid.com

کنٹرول کا ایک مؤثر ذریعہ ہیں۔

مندرجہ بالا تصریحات سے بخوبی واضح ہو جاتا ہے کہ اسلام کا سیاسی نظام اور جمہوری نظام آپس میں مخالف اور متضاد چیزیں ہیں۔ اسلام میں مغربی جمہوریت کی پیوند کاری کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ لہٰذا یہاں کثیر سیاسی جماعتوں کا وجود ہی ناقابل برداشت ہونا ہے۔

(مولانا عبدالرحمان کیلانی)

---

**شعر و ادب**

# غزل

**اسرار احمد سہاروی**

حسن کی جلوہ نمائی ہو تو دیوانے بہت !!
شمع روشن ہو تو جلنے کو ہیں پروانے بہت

درد کے گر قدرداں آئیں نظر کے سامنے
دل کی کیا کہیے کہ ہیں جانوں کے نذرانے بہت

قیس پر کیا منحصر ہے کوہکن ہے کیا ضرور
ذوق ہو دیوانگی کا اب بھی دیوانے بہت!

دل کی ویرانی کا قصہ مختصر یہ ہے کہ آج !!
دل زدہ ہیں شانہ ونادر اور فرزانے بہت

وہ ہے نا آشنائے غم اگرچہ ہر طرف
تھیں طرب گاہیں بہت کم اور غم خانے بہت

شوق کو مہمیز کیجیے بیدلی ہے سدّ راہ
دل ہو گر سودا زدہ دنیا میں ویرانے بہت

بیدلی ہائے تمنا کا برا ہو ان دنوں
ہم کو یاد آیا کیے گم گشتہ افسانے بہت

ایک عالم پر ہجوم یاس ہے چھایا ہوا
بستیاں آباد کم ہیں اور ویرانے بہت

غم کے ہاتھوں ان دنوں مایوس ہی ہونا پڑا
گرچہ دل کے مشورے ہر دور میں مانے بہت

ان کو سننے کے لیے کچھ حوصلہ بھی ہو اگر
زندگی میں درج فرسا غم کے افسانے بہت

کیا کریں اسرار ہیں مجبور بے حد ان دنوں
چھان مارے ہیں انہوں نے ورنہ ویرانے بہت

© rasailojaraid.com